وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: جناب سپیکر! معذرت کے ساتھ کہ اگر بات ایجنڈے پر چلتی، صرف ایک پوائنٹ میں نے بتایا کہ اگر ثبوت نہ ہو تو اتنا بڑا الزام نہیں لگانا چاہیئے، ختم۔ آج جناب سپیکر! اس بل کے حوالے سے میں بات بتاؤں کہ جو ڈرافٹ آیا ہے فیڈرل گورنمنٹ کی طرف سے FATA Merger کے حوالے سے، وہ بابک صاحب کی بات کہ آج اچھی اچھی باتیں کریں، اس ڈرافٹ کے اندر جو چیزیں تھی، وہ فاٹا کے ممبران خیبر پختونخوا اسمبلی میں، نہ منی بل ڈسکس کر سکتے تھے نہ قانون سازی فاٹا کیلئے کر سکتے تھے، ہم نے Amendments propose کیں اور 209 بندوں نے جنہوں نے اس امنڈمنٹ کو Accept کیا، ہم ان کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں اور مبارکباد بھی دیتے ہیں کہ ان شاءاللہ فاٹا کے ممبران خیبر پختونخوا اسمبلی کے اندر نہ صرف فاٹا کیلئے قانون سازی کر سکیں گے بلکہ فاٹا کی Budgeting کر سکیں گے۔ (تالیاں) مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ جو فاٹا کے ایشوز ہیں، اس کے ساتھ جو پاٹا کو نتھی کیا گیا، اس کو میں ایک گہری سازش سمجھتا ہوں اس بل کو روکنے کیلئے اور یہ غلط کیا گیا، جس نے بھی کیا، اس کے اندر بھی اگر Administrative, Legislative Athority آتی ہے لیکن یہ ہماری خواہش ہے کہ ٹیکس کے حوالے سے اور شریعت لاز کے حوالے سے پاٹا کے اندر Status کو Maintain رکھنا چاہیئے، ہم اس کی حمایت کرتے ہیں۔ (تالیاں) چیف منسٹر صاحب اس کے اوپر Detailed بات کریں گے، میں صرف یہ بات بتادوں کہ سردار بابک صاحب نے دوسرا Step بتایا کہ جناب اس کے بعد ہم پاکستان کے چوکاٹ کے اندر بلوچستان کے پشتونوں کو بھی ساتھ ملائیں گے، چونکہ پاکستان فاٹا، خیبر پختونخوا، بلوچستان کے اندر پشتونوں کی تعداد زیادہ ہے، تو میں تیسرا Step بھی بتانا چاہوں گا کہ ان شاءاللہ ایک دن پاکستان کے چوکاٹ کے اندر افغانستان کے پشتون بھی ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں گے (تالیاں) کیونکہ ہماری میجارٹی ہے اور پشتونوں کی بات ہے تو وہ بھی ان شاءاللہ حصہ بن جائیں گے، میں صرف۔۔۔۔

(شور)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: یہ میں آپ کو بتاؤں کہ ہم وہ بھی ان شاءاللہ پاکستان کا حصہ بنائیں گے۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: سکندر خان شیر پاؤ! آپ بیٹھ جائیں، ان شاءاللہ سب کو موقع دیں گے، پورا موقع دیں گے، سب کو، سکندر خان! پلیز۔

جناب سکندر حیات خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! زه ستاسو ډیر مشکور یم چې-----

جناب سپیکر: آرڈر آرڈر پلیز۔ سکندر شیر پاؤ صاحب!

جناب سکندر حیات خان: زه ستاسو ډیر مشکور یم چې تاسو ما له موقع راکړه، نن یو اهم ورځ ده او تاریخی ورځ ده، د فاټا د خلقو یو دیرینه خواهش سر ته رسی لګیا دے او مونږه دا ګنړو چې دا یو ډیر اهم اقدام دے۔ سپیکر صاحب! که مونږه اوګورو نو تقریباً د سلو کالو نه د فاټا خلقو باندې د انګریز د وخت نه یو داسې قانون د FCR په نوم نافذ شوے دے چې د هغوی بنیادی حقوق هم نشته او هغه لحاظ سره د هغوی هغه شان انسانی حقوق هم ورته حاصل نه وو او نن که مونږه دا ګورو نو دا تقریباً اویا اتیا کاله پس یو ازاله کیږی لګیا ده، ګوکه زه دا هم ګنړم چې دا Step هم صرف هغه ازاله نه ده، د دې نه مخکښې نور هم تلل پکار دی، که مونږه اوګورو نو مخکښې هم ډیرې موقعې راغلې وې چې په هغې کښې دا مسئلې حل کیدې شوې، د 73 کانسټی ټیوشن چې جوړیدو، هغه وخت کښې هم دا مسئله حل کیدې شوه، بیا په Seventies کښې کله چې افغانستان هغه خپل ټرائبل ایریاز چې دی، هغه ئې Merge کړل نو هغه هم یوه موقع وه، مونږ سره داؤد خان دا Step واخستو چې مونږه دا Step دلته کښې اخستې وے او دا دلته کښې ئې Merge کړې وې خو هغه موقع هم مونږه هغه وخت سره ضائع کړه، نن هغه "دیر آید درست آید" به ورته اووایو، یو موقع راغلې ده او په دیکښې پکار نه ده چې مونږ داسې ماحول جوړ کړو چې یو تاریخی قدم هم اخلو او په هغې کښې تلخی پیدا شی، په دې وخت سره به زه د فاټا خلقو له، د هغه ځائې نمائندګانو له، د هغه ځائې ټول سټیک هولډرز له او بیا ټولو پښتنو له په دې باندې مبارکی ورکوم چې دا زمونږه په دې فیډریشن کښې د یو والی طرف ته یو تاریخی قدم مونږه اخلو لګیا یو، زما به دا خواست وی چې دا صرف په دې یو بل سره، دا ازاله به نه کیږی چې کوم د اویا اتیا کالو نه هغه خلقو باندې کومې

سختې تیرې شوې دي، د دې سره سره پکار دا دي چې مونږه دا یو Commitment هم اوکړو چې د فاټا د ډیویلپمنټ د پاره چې مونږه ټولې پارټۍ چې دي، څنګه چې د دې د Merger د پاره ټولو مشترکه جدوجهد کړے دے ، هغه شان پکار ده چې د هغوی د ډیویلپمنټ د پاره مونږه یو مشترکه Commitment اوکړو چې د هغه ځائې خلق که وروستو پاتې شوی دي، پسمانده پاتې شوي دي، په دیکښې به زه دا اوګنړم چې مونږه ټول قصور وار یو او په دې پکار ده چې مونږه د هغې ازاله اوکړو او د هغه ځائې خلق د خپل ځان سره د برابر راوستلو د پاره مونږه Commitment اوکړو چې ځان نه زیات به مونږه کوشش دا کوؤ چې د هغوی د ډیویلپمنټ د پاره مونږه کار اوکړو۔ سپیکر صاحب! د دې سره سره یو لحاظ سره په پاټا باندې خبره اوشوه او د پاټا نمائندګانو هم چې کومه خبره اوکړه، د هغوی سره هم زمونږ لږ دغه مو شته، د هغوی چې کوم د هغه ځائې قربانئ دي، د هغه ځائې چې کومې سختئ تیرې شوی دي، د هغې هم مونږه اعتراف کوؤ خو دلته ګورو نو یو لحاظ سره څنګه چې ډاکټر حیدر صاحب اووئیل چې یو طرف ته د پاټا ممبرانو ته هم هغه حیثیت به ملاؤ شي چې پوره Full membership یو لحاظ سره دغه به شي، د دې نه مخکښې د پاټا ممبرانو قانون سازئ کښې خو حصه اخستلې شوه خو خپل علاقې ته ئې هغه کارونه هغه شان نشو Extend کولې، نو دا قدغن به پکښې لرې شي خو ورسره ورسره مونږه دا غواړو چې څنګه چې فاټا ته Incentives ملاویږی، د پاټا خلقو ته د هم هغه Incentives ملاؤ شي او بالکل هغوی د هم په دیکښې Onboard واخستلې شي او هغوئ ته د هم د دې پوره هغه لحاظ سره Incentives ورکړی۔ سپیکر صاحب! د دې سره سره دلته کښې نورې هم یو څو خبرې اوشوې، زه زیات په تلخ او دغه کښې تلل نه غواړم، د بابک صاحب د دې خبرې سره مې اتفاق دے ، زمونږه چې کوم پارلیمانی روایات دي، هغه واقعی ده چې Degeneration طرف ته روان دی او په دې باندې مونږ ته سوچ کول پکار دي، که مونږه اوګورو Consecutive اسمبلئ چې دي، هغه هغه شان هغه روایات برقرار نه ساتی او د هغې د وجې نه زمونږه هغه نظام هم هغه لحاظ سره لږ کمزورې کیږی، که دلته کښې مونږه تنقید کوؤ نو دا په چا باندې څه ذاتی تنقید نه دے ، دا صرف د دې د

پاره کوؤ چې مونږه غواړو چې اصلاح د اوشي، دا پارليماني روايات چې دي، هغه لحاظ سره د دې هغه خيال او تقدس نه دے ساتلې شوې چې کوم پکار ده چې ساتلې شوې وې. هغوی د دغه خبره اوکړه، د ډپټی سپيکر د اليکشن، دا چونکه يو آئينی تقاضه هم ده، پکار ده چې دا شوې وې، د دې نه مخکښې هم يو بلې اسمبلئ هم دا روايت قائم کړے وو چې هغوی هم يو نيم کال د ډپټی سپيکر عهده خالی ساتلې وه، هغه هم غلط شوی وو، نن هم چې دا دوه درې مياشتې، څلور مياشتې خالی اوساتلې شوه، دا هم غلط شوی دی. بيا دغه شان سپيکر صاحب! د Private Members Day خبره اوشوه، نو ټهيک ده Private Members Day به پکښې بعضې شوې هم وی خو سپيکر صاحب! چې کوم تناسب سره پکار وی چې Private Members Day کيدې ځکه چې د دې نه مخکښې هم دا دغه وو او دا په رولز کښې هم دی چې که Private Members Day يو Miss شی، نو هغه به بيا د سيشن په اخر کښې چې دے د هغه Private Members Day تاسو ټايم به ورکوئ او تاسو به هغه Compensate کوئ د ممبرانو، دغه لحاظ سره په هغې باندې عمل نه دې شوې، دا مونږ ټول پکښې قصور وار هغه لحاظ سره يو خو دې طرف ته خيال ساتل پکار دی او دا مونږ ته پکار دی چې مونږه دې طرف ته دغه اوکړو. شاه فرمان خان خبره اوکړه چې يره د ثبوت نه بغير خبرې نه دی کول پکار، معذرت سره شاه فرمان خان! ستاسو طرف نه هم بعضې داسې بنيادونه ايښودلې شوی دی چې په هغې کښې دا پهل تاسو کړے دے چې بغير د تپوس او بغير د ثبوت نه تاسو هم ډيرې خبرې کړی دی او ډير دغه کړی دی (تالياں) نو هغه لحاظ سره دغه شے، معذرت سره چې د دغه پهلا بنياد تاسو ايښودې دے خو سپيکر صاحب! مونږه ټول روان يو يو نوی سفر طرف ته، نوی اليکشن طرف ته، په دې سوچ کول پکار دی چې په دې پينځه کاله کښې آيا مونږ د خلقو په توقعاتو باندې پوره راغلو او که رانغلو؟ آيا چې کوم مقاصد د پاره مونږه خلقو دلته راليږلی وو، هغه لحاظ سره سر ته اورسيدل او که اونه رسيدل؟ آيا کومو وعدو باندې چې مونږه ووټ غوښتې وو، آيا هغه وعده مونږه سر ته اورسوله او که مو نه رسوله؟ په دې شی باندې خصوصاً حکمرانان د په خپل گريوان کښې اوگوری او په دې باندې د ډير سوچ اوکړی چې بيا په دې باندې

ځومره عمل شوے دے او ځومره نه دي شوي۔ سپیکر صاحب! پکار ده چې دا روایات مونږه بدل کړو او صحیح معنو کښې که مونږه جمهوریت غواړو او مونږه غواړو چې جمهوري نظام مضبوط شي نو بیا د هغې بنیاد به د ځان نه شروع کوؤ او پکار دا ده چې مونږه په هغې باندې عمل شروع کړو۔ دلته یو دغه باندې هم خبره اوشوه چې کوم اخباراتو کښې خبر راغلې لګیا دے، زه پکښې صرف دومره نور په هغې کښې نوې Add کول غواړم، کافي په هغې باندې خبرې اوشوې، دغه اوشوې نو دا Add کول غواړم چې مونږ هم اعتماد کښې نه یو اخستلې شوې او مونږه هم خبر نه یو دغه باره کښې او دا د هغه پارلیماني روایاتو یو لحاظ سره هم زیاتې کیږي لګیا دے او د دې سره هغه ټول سسټم او هغه ټول پراسیس مشکوک کیږي۔ سپیکر صاحب! دا به غواړو چې دا راروانه کومه مرحله ده چې هغه د داسې طریقې سره اوشي چې هغه ټولو ته Acceptable وي، په هغې باندې د ټولو اعتماد وي، هسې نه چې داسې طریقې سره دا راروانه مرحله اوشي چې په هغې باندې د خلقو اعتماد نه وي، د پارټو اعتماد نه وي نو هغه به بیا ټول جمهوریت ته نقصان رسي، نو دا به زمونږه یو خواهش هم وي، یو به دغه وي چې راروان دغه چې دے، هغه فري اینډ فیئر اوشي او صحیح طریقې سره اوشي او په دیکښې مداخلت اونشي او د هغې بنیاد به د Caretaker نه ایښودلې کیږي نو پکار دا ده چې د هغې بنیاد د مونږه صحیح طریقې سره کیږدو او بیا د هغې لاندې چې کوم نور د بیوروکریسي دغه دے چې هغه بنیاد صحیح کښیښودلې شي چې دا نه وي چې یار چا چا ته Edge ملاویږي لګیا دے یا د چا د پاره ماحول جوړیږي لګیا دے، دا تاثر د ختم کړے شي۔ زه په دې موقع باندې یو ځل بیا د فاټا خلقو له مبارکي ورکول غواړم، دا یقین دهاني ورله ورکوم چې په دې بل کښې به مونږه پوره د هغوی سپورټ کوؤ او دا یقین دهاني ورله ورکوؤ چې تر ځو پورې چې فاټا ترقي نه وي کړې، ځو پورې د فاټا خلق په خپلو پښو باندې صحیح طریقې سره اودریدلی نه وي، مونږ به ورسره ولاړ یو، زمونږ پارټي به ورسره ولاړه وي او د هغوی مرسته به په هره موقع باندې مونږه کوؤ۔ ډیره مهرباني سر۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب وضاحت کول غواړی، مولانا صاحب له ټائم ورکوؤ۔
مولانا لطف الرحمان صاحب! اس طرح کریں کہ مفتی جانان صاحب اور یہ ملاکنڈ کے دو تین ایم پی ایز ہیں، ان کو تھوڑا موقع دے دیں گے، اس کے بعد اگر چیف منسٹر صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں یا کوئی اور اس کے بعد، مولانا صاحب وضاحت کرنا چاہتے ہیں، مولانا لطف الرحمان صاحب!

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): میں تفصیل سے ساری بات کرنا چاہوں گا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا اچھا۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ مولانا لطف الرحمان!

قائد حزب اختلاف: اس پورے بل کے حوالے سے بھی اور ساری تفصیل۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! یہ تو اپوزیشن لیڈر ہیں، ہمارے بعد ان کو وقت دیں۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب! اس کے بعد آپ کر لیں گے۔ جی، اس کے بعد آپ کر لیں گے۔

قائد حزب اختلاف: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ بہت بہت شکریہ۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): جناب سپیکر صاحب! میں کوئی وضاحت کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: کرنے دیں، خیر ہے، کوئی پروٹوکول کا مسئلہ نہیں۔

جناب سپیکر: جی چیف منسٹر صاحب!

## ذاتی وضاحتیں

جناب وزیر اعلیٰ: مولانا صاحب! معذرت کے ساتھ، مولانا صاحب! معزرت سره، میں صرف Personal explanation پہ بات کرنا چاہتا ہوں، باقی باتیں بعد میں کروں گا۔ یہاں پر ایک بات اٹھائی گئی کہ Caretaker Chief Minister، لوگ کہتے ہیں کہ ہم نے اور مولانا صاحب نے ان سے پیسے لئے ہیں، تو مجھے بہت افسوس ہے کہ ایسا سمجھدار آدمی اسمبلی کے فلور پہ ایسی بات کرے جس کا نہ سر ہو، نہ ٹانگ اور ابھی بھی میں کہتا ہوں، مولانا صاحب سے بھی میں ریکویسٹ کرتا ہوں، اگر آپ لوگوں سے Consultation نہیں کی گئی تو میرے خیال میں Consultation ہونی چاہیئے (تالیاں) اور میں بھی جماعت اسلامی کے ساتھ Consultation پہ تیار ہوں اور یہ الزام لگانا، دیکھیں ہم پر الزام، ہم ایک دوسرے کو بڑی اچھی طرح جانتے ہیں، ایک ایک کی شکل، ایک ایک کا کردار، ایک ایک کا سب کچھ

ہمارے سامنے ہیں، کوئی چیز چھپی نہیں ہے، ہم ایک دوسرے کو اچھی طرح جانتے ہیں کہ میں کون ہوں، مجھے بھی سب جانتے ہیں اور میں بھی جانتا ہوں کہ کون کیا ہے اور میں نے تو پینتیس سال سے یہ چیز دیکھی ہیں، تو میرے سامنے ایک شیشہ لگا ہوا ہے اور میں ثبوتوں کے ساتھ ہر وقت چاہوں تو بات کر سکتا ہوں (تالیاں) ٹھیک ہے لیکن میں نہ کسی پہ الزام لگاتا ہوں اور اگر کسی کو تکلیف ہوئی ہے کہ وہ سینیٹ کے مسئلے میں، تو آئے ہم ثبوت دکھادیں گے (تالیاں) اس کو ہم Satisfy کر دیں گے کہ کیا مسئلہ ہے ؟ ہم نے کسی پر کوئی الزام نہیں لگایا جیسا کہ آپ نے کہا، تو شاہ فرمان ! ہم نے الزام، یہ جو بات میں کروں گا، ثبوت کے ساتھ کروں گا، جس کو اعتراض ہے، آجائے، کل پرسوں ترسوں جس دن آنا چاہے، میں ثبوت دکھادوں گا کہ کیا حرکت ہوئی تھی وہاں پر اور کوئی ریکارڈ موجود ہے، کوئی زبانی باتیں بھی نہیں ہیں۔ دوسرا یہ کہ الزام لگانا، میری زندگی، میرا کردار سارے صوبے کو معلوم ہے اور مجھے سب کے کردار معلوم ہیں، تو میں کسی پر الزام نہیں لگانا چاہتا لیکن ہر ایک کو چاہیئے کہ اپنے گریبان میں دیکھے، اپنے آپ کو پہلے دیکھے، پھر کسی کے اوپر الزام لگائے تو مزہ آجائے، ایسے مزہ نہیں آتا (تالیاں) تو باقی ہم اس پہ Consultation بھی کر لیں گے، کوئی مسئلہ نہیں ہے، آپ کو اعتراض ہے، ہم کبھی کسی کو خفہ نہیں کرنا چاہتے ہیں، صلاح مشورے سے کام ہو گا، کوئی فکر نہ کریں۔ مہربانی۔

جناب سپیکر: لطف الرحمان صاحب !

قائد حزب اختلاف: نَحْمَدُہ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَا بِهٖ اَجْمَعِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الْشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمٰـنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب ! بہت بہت شکریہ۔ آج اس اسمبلی کے فلور پر انتہائی اہم بل آیا ہوا ہے اور ظاہر ہے کہ قومی اسمبلی نے اس کو پاس کیا اور اس کے بعد سینیٹ نے اس کو پاس کیا اور اب ہماری صوبائی اسمبلی سے بھی اس کی ضرورت ہے کہ اس کو پاس ہونا ہے دو تہائی اکثریت کے ساتھ، اور آج ہم تقریباً آخری مرحلے میں اپنے پانچ سالہ اسمبلی کے دور میں داخل ہو چکے ہیں کہ کل کو شاید آخری دن ہے اس اسمبلی کے حوالے سے، مجھے انتہائی افسوس ہوا کہ سردار حسین بابک صاحب نے جس انداز میں بات کی ہے، مجھے انتہائی افسوس ہوا، اگر آپ کو مجھ پہ ایک اعتماد ہے اور آپ نے مجھے اپوزیشن لیڈر بنایا ہے، جیسے محمد علی شاہ صاحب بھی جذبات میں بہہ گئے، میرے

بڑے محترم ہیں کہ میں نے اس حوالے سے، میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اعتماد ہونا چاہیئے کہ اگر ہم ایک بات کرتے ہیں تو پوری ذمہ داری کے ساتھ بات کرتے ہیں، میں نے سکندر خان صاحب سے بھی پوچھا کہ اگر آپ کا کوئی نام ہے تو آپ مجھے دیں، میں نے سردار حسین، نلوٹھا صاحب سے بھی پوچھا تھا، نام دیا تھا، محمد علی شاہ باچا صاحب سے بھی پوچھا تھا، انہوں نے نام دیا تھا، میں نے سردار حسین بابک صاحب سے بھی آمنے سامنے پوچھا کہ کوئی نام ہے تو آپ اپنی پارٹی کی طرف سے دے سکتے ہیں اور فون پر بھی میں نے ان سے بات کی ہے، تو ظاہر ہے کہ آگے ایک آئینی ذمہ داری ہے، چیف منسٹر اور اپوزیشن لیڈر نے بیٹھنا بھی ہے، ان ناموں پر ڈسکشن بھی کرنی ہے تو وہ ڈسکشن تو چلتی رہی ہے، ہم نے ڈسکشن کی ہیں لیکن ہم آخری مرحلے تک ابھی تک پہنچے نہیں ہیں کہ ہم نے اس کو Announce کرنا تھا اور اکٹھے Announce کرنا تھا، افسوس اس بات پہ ہوا کہ مجھے ایک ذمہ دار، سردار حسین بابک بڑے ذمہ دار آدمی ہیں، اپنی پارٹی کے ذمہ دار آدمی ہیں، اپنے پارٹی کے حوالے سے صوبائی جنرل سیکرٹری ہیں، ان سے یہ بات نہیں جچتی، میرے محترم ہیں، میں نے ان کے ساتھ ٹائم گزارا ہے، پانچ سال ہم نے اکٹھے گزارے ہیں، اب اس ٹائم پر اس طرح کے الزامات سننے پر آپ اسمبلی کے فلور پر پیسوں کے حوالے سے الزامات لگائیں، یہ انتہائی افسوس ہے، مجھے بھی افسوس ہے اور میرے تمام ممبران کو بھی افسوس ہو گا کہ اس حوالے سے کم از کم آپ کو سوچنا چاہیئے تھا کہ وہ ٹھیک ہے، آپ کہیں کہ ہم سے اس حوالے سے کوئی مذاکرات نہیں ہوئے، اپوزیشن کو اس پہ نہیں لیا، یہ بات اپنی حد تک آپ کر سکتے ہیں، ٹھیک کرتے ہوں گے لیکن اس حوالے سے اگر آپ یہ بات کر رہے تھے، تو یہ بات آپ کے ساتھ جچتی نہیں ہے، آپ کو کرنی ہی نہیں چاہیئے، میرے دوست ہیں سب، میں سب کا احترام کرتا ہوں، یہاں پہ سارے پارلیمانی لیڈرز بیٹھے ہیں، ہمیشہ ہم نے اتفاق سے بات کی ہے، آج تک میں نے پوری کوشش کی ہے کہ ہم اسمبلی کے فلور پر آئیں تو ہم بلا تفاق ایک چیز کو آگے لے کر چلیں، تو آج مجھے اس حوالے سے کہ ایک چیف منسٹر نیا آ رہا ہے اور اپوزیشن لیڈر اور چیف منسٹر کی بات ہے، آئینی طور پر ذمہ داری ان کی ہے، تو کم از کم آپ لوگوں نے نام بھی دیئے ہیں، ہم نے ڈسکس بھی کئے ہوں گے تو یہ اعتماد تو آپ ہم پر کریں اور ساتھ میں یہ پخ لگا دینا جو ایسے، ایک سینیٹ کے حوالے سے یہاں پر جو کچھ ہوتا رہا، جو کچھ چلتی رہیں باتیں، وہ افسوسناک بات ہوئی ہے۔ ابھی چیف منسٹر صاحب نے جیسی باتیں کیں، ثبوت

کے حوالے سے باتیں کی ہیں، تو یہ ہمارے لئے افسوسناک باتیں ہیں کہ یہ نہیں ہونی چاہیئں لیکن ہم نے اس ماحول کو ٹھیک کرنا ہے، اپنی جمہوریت کو ٹھیک کرنا ہے۔ آج بھی اگر ہم یہاں پر فلور پر بل کے حوالے سے بات کرتے ہیں تو ٹھیک ہے، میرے بہت سارے دوست کہتے ہوں گے کہ یہ Merger ہونا چاہیئے، میں سمجھتا ہوں کہ Merger نہیں ہونا چاہیئے یا میں اس پر کوئی اور حل کی بات کروں یا کوئی کہے کہ نہیں Merger اسی صورتحال میں نہیں ہونا چاہیئے۔ رائے ہر ایک کی اپنی ہوگی، اس کا اپنا ایک احترام ہونا چاہیئے اور اس رائے پر لوگوں نے کیا رائے دینی ہے، وہاں سے لوگوں نے اس پر اعتماد کرنا ہے اس رائے کے اوپر کہ نہیں کرنا، یہ ایک بنیادی جمہوریت کی بات ہے اور میں نے صرف اس حوالے سے بات کی ہے، ہم پر اعتماد ہونا چاہیئے، ہم ذمہ دار لوگ ہیں اور ذمہ داری سے بات کرتے ہیں اور جو الزامات لگے ہیں، اس حوالے سے ہم پورے صوبے کے عوام کو جواب دیں گے لیکن یہ بھی غلط بات ہے کہ ہم پر ایسے الزامات نہ لگائے جائیں اور ایسے لوگ الزامات نہ لگائیں جن کا نہ آگے دامن ہو، نہ پیچھے دامن ہو، ایسے لوگ ہم پر الزام نہ لگائیں۔

## پچیسویں آئینی ترمیم بابت فاٹا کا صوبہ خیبر پختونخوا میں انضمام، مجریہ 2018 پر بحث

قائد حزب اختلاف: دوسری بات سپیکر صاحب! میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج ایک اہم دن ہے، ہم نے ایک اہم ذمہ داری کے حوالے سے یہاں آکر آج اس بل کے حوالے سے باتیں بھی کرنی ہیں، اس بل پر بات بھی کرنی ہے جو قومی اسمبلی سے پاس ہو کر آیا ہے، سینیٹ سے پاس ہو کر آیا ہے اور وہ ہے فاٹا کے حوالے سے۔ میں سمجھتا ہوں کہ فاٹا نے بہت نقصانات اٹھائے ہیں، ان کے عوام بہت مشکل ادوار سے گزرے ہیں، مشکل دن دیکھے ہیں اور اگر میں غلط نہ ہوں تو کوئی پندرہ سولہ سال سے وہاں پر آپریشنز چل رہے ہیں، یہ پورا علاقہ آپریشن زدہ ہو چکا ہے، اگرچہ ہم آپریشن کے فلسفے کے ساتھ شاید وہ حمایت نہ کرتے ہوں، آپریشن کی اس فلسفے سے شاید ہم نے حمایت نہ کی ہو لیکن ریاست کی بات کی کہ ہم نے آپریشنز کرنے ہیں، ہم نے امن کی بات کرنی ہے، امن چاہتے ہیں فاٹا کے حوالے سے، تو پھر ہمیں اس حوالے سے امن کی ہی ضرورت تھی اور امن کی جانب جانا تھا تو پھر ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، علماء کو ایک بھرپور پیغام ہم نے بھیجا، ایک بیانیہ جو علماء کا تھا، وہ ہم نے بھیجا اور تمام علماء کو ہم نے اس ریاست کے اس بیان کے ساتھ کھڑا کیا، اس پر

ایک بہت بڑی قربانی دی اور اس وقت اس جمہوری دور میں، جمہوری دور میں کیا کوئی ملٹری عدالتوں کی کوئی گنجائش ہوتی ہے؟ لیکن ہم نے ملٹری عدالتوں کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر، ہاؤس کو آرڈر میں لائیں۔

قائد حزب اختلاف: ملٹری عدالتوں کو ہم نے مجبوراً قبول کیا ہیں، جمہوری ادوار میں اس کو قبول کیا اور آج جب ضرورت بھی اس بات کی تھی، ضرورت اس بات کی تھی کہ ہم نے ان کو آباد کرنا تھا، ان کے جو گھر گرے ہوئے ہیں، ان کو واپس بنانا تھا، ان کو وہاں پر ہر Facility دینی تھی، ایجوکیشن کی Facility دینی تھی، ہیلتھ کی Facility دینی تھی، یہ سب کچھ ان کو دینا تھا اور اس حوالے سے جو جرگہ بنا تھا، تمام جماعتوں کو اس کے ساتھ بٹھا کر ایک اعتماد اس جرگے کو دلایا تھا اور تمام جماعتیں اس میں تھیں، بشمول چاہے وہ قوم پرست جماعتیں ہوں، مذہبی جماعتیں ہوں، ہماری دوسری جماعتیں ہوں، وہ تمام کی تمام جماعتیں ان کی ساتھ بیٹھی تھیں اور ایک متفقہ طور پر ان کو مینڈیٹ دیا کہ ہم آپ کے ساتھ ہوں گے اور قوم اس حوالے سے جو بھی فیصلہ کرے گی، ہم اس فیصلے کا ساتھ دیں گے، اس حوالے سے مجھے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آرڈر پلیز، آرڈر پلیز۔

قائد حزب اختلاف: مسلم لیگ (ن) سے بھی، جس کے ساتھ ہمارا اتحاد ہے حکومت کی اور ان کے ساتھ جو ایک اتفاق ہوا تھا اس حوالے سے کہ بتدریج ہم نے اس طرف جانا ہے کہ جب ہم Merger کے Main فیصلے تک جائیں گے تو عوام سے ضرور پوچھیں گے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پلیز۔

قائد حزب اختلاف: اور عوام سے پوچھ کر ان کی تائید لیکر ہم نے اس حوالے سے اس مسئلے کو آگے بڑھانا ہے۔۔۔۔۔

جناب گل صاحب خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھ جائیں، گل صاحب خان! آپ اپنی سیٹ پر بیٹھ جائیں، پلیز۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر! آج کی جو صورتحال ہے، اگر آپ دیکھیں تو سیاسی طور پر اور جمہوری لحاظ سے ہمیں باہر سے ہدایات اور قانون سازی آتی ہیں اور ہم پر مسلط کی جاتی ہے کہ آپ اپنی اسمبلی سے اس قانون کو پاس کریں اور وہ ہمارے معاشرے سے بھی مطابقت نہیں رکھتی، ہم جنس پرستی کے حوالے سے، جنس کی تبدیلی کے حوالے سے بلز اسمبلی میں لائے جاتے ہیں، جو ہماری قوم اور ہمارے معاشرے سے مطابقت نہیں رکھتی لیکن ان بلوں کو تو ہم قبول کرنے کو تیار ہوتے ہیں اور باہر سے ہم پر Impose کئے جاتے ہیں، آج ایک بل اور آنے والا تھا قومی اسمبلی میں، وہ ابھی نہیں آیا لیکن وہ بل بھی اس بنیاد پر تھا کہ اگر UN کسی جماعت کو دہشتگرد قرار دے یا کسی شخصیت کو ملک میں دہشتگرد قرار دے تو پھر اس قانون کے تحت اس ملک میں بھی وہ دہشتگرد اور دہشتگرد جماعت ہوگی، ہم ایسے قوانین بنالیں کہ باہر کی مغربی دنیا کا، امریکہ کا اس کے حوالے سے ہم پر جب پریشر پڑتا ہے اور ہم پر وہ قوانین Impose کئے جاتے ہیں کہ آپ یہ قانون پاس کریں اور بڑی اچھی اصطلاح ہے انسانی حقوق کے حوالے سے کہ آپ وہ پامال کر رہے ہیں، چاہے وہ اسلام سے مطابقت نہ رکھتے ہوں، چاہے وہ ہمارے معاشرے سے مطابقت نہ رکھتے ہوں اور آج کی اس صورتحال میں ہمیں سنجیدگی سے اس حوالے سے سوچنا چاہیئے کہ جمہوری حوالے سے ہمیں، باہر سے پریشرائز کر کے ہم پر وہ قانون لاگو کئے جاتے ہیں اور ہم ان قوانین کو پاس کرتے ہیں اور معاشی لحاظ سے ورلڈ بینک ہو، آئی ایم ایف ہو اور ہمارا ایشیئن ڈیویلپمنٹ بینک ہو، ان کے قرضوں کی شرائط کے حوالے سے ہم آج اپنی معیشت کو چلانے کی کوشش کرتے ہیں اور اس حوالے سے ہماری دفاعی جو پوزیشن ہے کہ اسلحہ ہمارا ہو، ایٹم بم ہمارا ہو لیکن اس کو استعمال کرنے کی جو اجازت ہے، وہ ہمیں باہر سے لینی ہوگی تب ہم اپنے اسلحے اور اپنی دفاعی سسٹم کو استعمال کر سکیں گے، آج تک ہماری صورتحال یہاں تک پہنچی ہوئی ہے اور جب ہم فاٹا کے عوام کی بات کرتے ہیں، فاٹا کے عوام سے رائے لینے کی بات کرتے ہیں تو وہ میں سمجھتا ہوں کہ کس حوالے سے آپ اس سے انکار کر سکتے ہیں کہ ہم نے فاٹا کے عوام کی رائے نہیں لینی اور فاٹا پر اپنی بات Impose کرنی ہے، بات یہ ہوتی ہے کہ ہمیں جواب دیا جاتا ہے کہ فاٹا کے ممبران ہیں اور فاٹا کے سینیٹرز ہیں، ان کو یہ اعتماد حاصل ہے، میں یہ کہتا ہوں کہ فاٹا کے عوام نے ان کو یہ مینڈیٹ نہیں دیا ہے کہ وہ فاٹا کے 120 سالہ تاریخ کو، 125 سالہ تاریخ کو تبدیل کرے؟ آج آپ فاٹا کی بات کر رہے ہیں، میں آپ کے ساتھ

ہوں فاٹا کے حوالے سے لیکن فاٹا کو بھی تو آپ یہی بات کر رہے ہیں کہ عوام سے ہم نے نہیں پوچھا اور عوام کے ساتھ آپ نے مشاورت نہیں کی تو پھر فاٹا کے عوام کیلئے یہ بات آپ کیوں کرتے کہ اس کے عوام سے فاٹا کے عوام سے کس نے پوچھا ہے؟ کونسا ایسا فورم ہے کہ جس پر یہ بتایا جائے۔۔۔۔۔

جناب گل صاحب خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آپ کو موقع دیں گے ان شاءاللہ۔

قائد حزب اختلاف: کہ وہ یہ کہیں کہ فاٹا کے عوام سے یہ پوچھ کر ہم نے یہ فیصلہ کیا ہے Merger کے حوالے سے، تو ہمیں چاہیئے، Simple سی بات تھی، ہم کوئی Merger کے خلاف نہیں ہیں، ہم کوئی اس کا الگ صوبہ، اگر رائے دیتا ہے، کوئی چاہتا ہے، ہم اس کی مخالفت نہیں کر رہے، موجودہ قانون کے مطابق اگر وہ رہتے ہیں، اس کی مخالفت نہیں کرتے، مخالفت اگر ہماری ہے تو وہ صرف اس بنیاد پر ہے کہ فاٹا کی جو عوام ہیں، اس سر زمین کے جو مالک ہیں، وہ جس انداز میں چاہیں، آپ ان سے رائے لے لیں اور وہ رائے ہمیں بسر و چشم قبول ہے، تو وہ اگر Merger کا فیصلہ کرتی ہے، چاہے وہ الگ ہونے کا فیصلہ کرتی ہے یا وہ پرانے قانون کے حوالے سے فیصلہ کرتی ہے، ہمیں ان پر یہ Impose نہیں کرنا چاہیئے تھا، اگر آج ہم پوری دنیا میں کشمیر کے استصواب رائے کیلئے دربدر پھر رہے ہیں کہ استصواب رائے چاہیئے اور اس پر ہمیں کشمیر کا فیصلہ چاہیئے تو آپ یہ دنیا میں کیوں پھر رہے ہیں اس کیلئے؟ تو اگر استصواب رائے کی آپ کو ضرورت ہے اور آج ہم، جب ہماری پی ٹی آئی کی حکومت یا اس کا لیڈر عمران خان جب بات کرتا ہے کہ ہم نے بجٹ کو اسلئے پیش نہیں کیا کہ ہم چاہتے ہیں کہ کسی پارٹی کا منشور جو ہے، وہ ایک Budget reflect کرتا ہے تو ہم اسلئے بجٹ نہیں پیش کرنا چاہتے کہ کسی اور کا حق نہیں مارنا چاہیئے، اگر آپ اس حوالے سے سمجھتے ہیں کہ ہم کسی اور کا حق نہیں مارنا چاہتے، وہ اور بات ہے کہ آپ کے پاس اس کی اکثریت تھی یا نہیں تھی، بجٹ کی، وہ الگ مسئلہ ہے لیکن اگر آپ یہ سمجھتے ہیں، آپ کی ایک اصولی رائے ہے کہ ہم بجٹ نہیں پاس کرنا چاہتے، اسلئے کہ آنے والے ٹائم کیلئے ہم چھوڑتے ہیں اور آنے والی اسمبلی اس کو پاس کرے جس کے پاس اکثریت ہو، وہ پاس کرے، تو پھر یہ بھی پوچھنا چاہتا ہوں کہ آج آخری دن میں آپ ایسا فیصلہ کیوں کرنے جا رہے ہیں کہ آنے والی اسمبلی پر کیوں آپ نہیں چھوڑتے کہ آنے والی اسمبلی اس پر اپنی رائے دے اور اس حوالے سے

جو بل قومی اسمبلی اور سینیٹ سے پاس ہو کر اسمبلی کے پاس آیا ہے تو وہ بھی تو منشور کے حوالے سے اس بل کو بھی آپ چھوڑیں دوسری اسمبلی پر کہ وہ اسمبلی آکر اس کو پاس کرے، تو وہ تو آپ نہیں کر رہے، ہم یہاں پر بہتر جمہوریت کی بات تو کرتے ہیں لیکن جمہوری حوالے سے ہم سننے کو تیار نہیں ہیں؟ ہم زبردستی، ہم جس ماحول میں رہے ہیں، جس ڈکٹیٹر اور ڈکٹیٹر شپ کے ماحول میں رہے ہیں، ہمارے مزاج اس انداز میں ہو گئے ہیں کہ ہم نہ دلیل سنتے ہیں اور ہم نہ جمہوری بات سنتے ہیں، نہ ہم جمہوری رائے لینے کی ضرورت سمجھتے ہیں۔ آج محمد علی شاہ صاحب نے کہا کہ ہم کریڈٹ نہیں لینا چاہتے، میں یہ سمجھنا چاہتا ہوں کہ کریڈٹ ٹھیک ہے، ہمیں اس حوالے سے کریڈٹ نہ دیں، یہ تو وقت اور تاریخ بتائے گا کہ کونسا فیصلہ ٹھیک تھا اور کونسا غلط تھا لیکن ہمارا مقصد اس حوالے سے تھا ہی نہیں، ہم تو یہ سمجھتے تھے کہ وہاں کے عوام کیلئے کوئی بھی طریقہ کار بنالیں جس سے وہ عوام اس فیصلے کو Endorse کرلے تو ہم اس کو بسر و چشم قبول کرنے کو تیار ہیں، تو اس میں ایسی کونسی بات ہے، اس میں ایسی کونسی مشکل ہے؟ اور رہی بات اس حوالے سے کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس حوالے سے بھی ہمیں بین الاقوامی دنیا پریشرائز کر رہی ہے، آج بھی ہم امریکہ کے پریشر میں آکر یہ سب کچھ کرنے جا رہے ہیں لیکن اس کے نتائج کل کو آئیں گے اور وہ نتائج ہم سب کو اکٹھے بھگتنے ہوں گے، مشکل نتائج آئیں گے، اکٹھے بھگتنے ہوں گے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس حوالے سے اگر پریشر آتا ہے تو پھر اس کی قانون سازی تو ہم کرتے ہیں۔ محمد علی شاہ صاحب سے یہ پوچھتا ہوں کہ جس حوالے سے پریشر نہ ہو تو نظریاتی کونسل کی ہماری ساری سفارشات اسمبلی کے فلور پر موجود ہیں اسلام کی قانون سازی کے حوالے سے تو آج تک اس پر قانون سازی کیوں نہیں ہوتی؟ ہمارے پاس اکثریت نہیں ہوتی تو ہم قانون سازی کر نہیں پا رہے ہوتے لیکن آپ ساتھ بیٹھے ہوتے ہیں، تو قانون سازی تو پھر بھی نہیں ہو رہی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نلوٹھا صاحب! بات کرنا چاہیں گے۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> تو آپ ہمارا ساتھ دیں تاکہ ہم اس پر قانون سازی کریں لیکن یہ نہ ہو کہ ہم دنیا کے پریشر میں آکر قانون سازی کریں لیکن ہمارے اپنے ملک کے مفاد کے حوالے سے جب ایک بات آئے تو

اس کو ہم سننے کو تیار نہ ہو، تو آج بھی ہمارا موقف یہ ہے کہ ہم فاٹا کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، فاٹا کے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہیں، فاٹا کے مفادات کیلئے ہم کھڑے ہیں لیکن کل کو۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں، میں تھوڑا سا، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب! بات کریں گے اس کے بعد۔

قائد حزب اختلاف: فاٹا کے اندر کوئی مسائل پیدا ہوتے ہیں یا اس کے سرحدات پر کوئی مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور دو تین ملاکنڈ کے لوگ ہو جائیں گے پھر۔

قائد حزب اختلاف: تو ہم اس کے ذمہ دار نہیں ہوں گے، ہم آپ کو آج بتانا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: رمضان ہے، روزے کا بھی ٹائم ہے۔

قائد حزب اختلاف: آج آپ کے سامنے یہ ساری باتیں رکھنا چاہتے ہیں، ریکارڈ پر لانا چاہتے ہیں کہ آنے والے حالات میں یہ سب کچھ ہو گا، یہ بڑی سنجیدہ بحث تھی، سنجیدہ باتیں تھیں لیکن ہمارا ہاؤس اس کو اس طرح سننے کو تیار نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پلیز، آرڈر، آرڈر۔

قائد حزب اختلاف: انہیں چاہیئے کہ اپنی ساری باتیں، سب کی سنیں۔۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ واطلاعات: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: شاہ فرمان! بیٹھ جاؤ، بیٹھ جاؤ۔

قائد حزب اختلاف: سب کی رائے سنیں، ہمیں مشترکہ طور پر اس چیز کو لانا ہے، تو ہمیں چاہیئے کہ آج بھی ہماری یہ ریکویسٹ ہے کہ فاٹا کے عوام کو یہ حق دیا جائے کہ وہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

قائد حزب اختلاف: اپنی رائے دے سکیں، اپنے مستقبل کے حوالے سے۔

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا ہے، میں صرف دو منٹ بات کروں گا، لمبی بات نہیں کروں گا۔ میرے بعد ایک رشاد خان کو ٹائم دے دیں تاکہ یہ بولے۔ جناب سپیکر صاحب! آج واقعی ایک تاریخی دن ہے، 71 سالوں سے جو جدوجہد فاٹا کے عوام، فاٹا کے نمائندے، فاٹا کی یوتھ، سیاسی جماعتیں کر رہی تھیں، آج اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ کامیابی سے ہمکنار ہو رہی ہیں اور ہماری اسمبلی کے فلور پہ بھی فاٹا کو ضم کرنے کا بل الحمدللہ آج پیش ہو گیا ہے، مرکز نے اور سینیٹ نے اس کو پاس کر دیا اور تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے، ہر جماعت نے اپنا Role ادا کیا ہے کہ فاٹا کے عوام کو ان کے حقوق ملنے چاہیئں اور مجھے خوشی اس بات پہ ہے کہ آج مرکز میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے اور مسلم لیگ کے دور میں یہ بل پاس ہوا ہے، اس پر مجھے بہت خوشی ہے (تالیاں) اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ آج ہمارے بھائی سینیٹرز صاحبان، ایم این ایز صاحبان یہاں پہ فاٹا کے بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان سے معذرت خواہ ہوں کہ اسمبلی کا ماحول تھوڑا خراب ہوا تو یہ آج کی بات نہیں ہے، جب سے تبدیلی کا نعرہ ہوا ہے، تھوڑا بہت ماحول خراب ہوتا رہا ہے ہماری اسمبلی میں، (تالیاں) یہ کوئی نئی بات نہیں ہے، میں سمجھتا ہوں کہ سردار حسین بابک صاحب کی بات پہ سی ایم صاحب بھی غصہ ہوئے اور مولانا لطف الرحمان صاحب بھی اپوزیشن لیڈر صاحب بھی توکل سے آپ یقین کریں، اس ہاؤس میں تحریک انصاف اور جمعیت علماء اسلام نہیں ہیں، اس ہاؤس میں نو دس جماعتیں ہیں، ہم بھی بہت پریشان تھے کہ ہمیں تو گلہ سی ایم صاحب سے نہیں ہے، اپنے قائد حزب اختلاف سے ہے اور اگر حقیقت میں دیکھا جائے تو خیبر پختونخوا اسمبلی میں اس وقت بھی دوسرے نمبر کی جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) ہے لیکن ہم نے اپنی طرف سے قائد حزب اختلاف کی پگڑی کا سہرا مولانا صاحب کے سر پہ رکھا ہے، ہمیں دکھ تھا کہ مولانا صاحب نے ہم سے نام لئے اور پھر اس کے بعد ہم سے کوئی مشورہ نہیں کیا، یہ الزام نہ میں لگاتا ہوں، نہ بابک صاحب نے لگایا ہے، یہ برسوں سے افواہیں چل رہی ہیں اور کروڑوں سے آگے اربوں تک پہنچی ہیں اور مجھے آج یہ بھی خوشی ہوئی ہے کہ جو پانچ سال پہلے ہم کہتے تھے کہ خدارا افواہوں کے اوپر الزام تراشی کسی پہ کرنا زیادتی ہے، آج سی ایم صاحب نے پانچ سال کے بعد یہ بات خود کہہ دی ہے، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ سنی سنائی بات نبی پاک

ﷺ نے بھی فرمایا کہ سنی سنائی بات پہ کسی کے اوپر الزام تراشی نہ کرو، ہم نہ کسی پہ الزام لگاتے ہیں لیکن ہم یہ توقع رکھتے ہیں، سی ایم صاحب بھی اور مولانا لطف الرحمان صاحب سے جو ہمارے قائد حزب اختلاف ہیں، زیادہ توقع ہم ان سے رکھتے ہیں کہ یہ ہمارے اپوزیشن لیڈر رہیں، جب بھی نگران وزیر اعلیٰ کا فیصلہ ہو گا، ہمیں ضرور اعتماد میں لیں گے، اسلئے کہ آگے نگران وزیر اعلیٰ کے ذمہ داری ہے، وہ کوئی دو جماعتوں کا نگران نہیں ہو گا، اس پورے صوبے کا نگران وزیر اعلیٰ ہو گا، تو میں انہی الفاظ کے ساتھ آپ کا زیادہ ٹائم نہیں لوں گا، باقی ٹائم رشاد صاحب کو دے دیں جو PATA کے حوالے سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جناب رشاد خان! ایک منٹ۔ جی، رشاد خان!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! جو PATA کے حوالے سے تین باتیں، عنایت اللہ صاحب نے جو تین مطالبات کئے ہیں، ہم ان کی حمایت کرتے ہیں لیکن مولانا صاحب کو یہ بات، عنایت اللہ صاحب کو میں بتانا چاہتا ہوں، جب کے پی اسمبلی میں یہ آئے گا، سارا معاملہ خود ہی خیبر پختونخوا کی Next حکومت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جو بھی لائے گی نظام، تو اس کو اختیار ہو گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ ابھی خیبر پختونخوا میں فاٹا کے ضم ہونے کے بعد یہ بہت بڑا صوبہ بن گیا ہے تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ہزارہ ڈویژن کے عوام کی ایک آواز ہے کہ ہمیں الگ صوبہ دیا جائے صوبہ ہزارہ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ہزارہ کا الگ صوبہ دیا جائے اور اگر ملاکنڈ ڈویژن، اگر پسماندہ ہے تو اس کو ایک سو ارب روپے کا ترقیاتی فنڈ دیا جائے تا کہ ان کا ازالہ ہو سکے، شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب رشاد خان!

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر صاحب! آج خیبر پختونخوا اسمبلی کا اختتامی اجلاس ہونے جا رہا ہے، فاٹا کے Merger کے حوالے سے آج کا اجلاس ان شاءاللہ، آج کے اجلاس کو ایک تاریخی حیثیت حاصل ہو گی جس کی وجہ سے میں تمام ممبران اسمبلی کو پیشگی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور میری یہ دلی خواہش ہو گی کہ آج کے دن کے حوالے سے اسمبلی میں غیر ضروری جو امور ہیں، ان کو نہ چھیڑا جائے۔ جناب سپیکر! فاٹا کو قومی

دھارے میں شامل کرنے کیلئے مرکزی حکومت اور دیگر جماعتوں نے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں جو امنڈ منٹس کی ہیں، میں ان کو خوش آمدید کہتا ہوں، 70 سال سے جو کالا قانون رائج تھا FCR، فاٹا کے عوام کی جو محرومیاں تھیں، میرا خیال ہے کہ اس فیصلے سے ان کی محرومیوں کا آزالہ ہو گا۔ جناب سپیکر! اس بل میں فاٹا کی جو آئینی حیثیت کو چھیڑا جا رہا ہے، ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، جس طرح عنایت خان نے جو تین پوائنٹس، جو ہم نے مشترکہ طور پر تیار کئے ہیں، ہم نے مشترکہ طور پر ایک قرارداد بھی تیار کی ہے، میری خواہش ہو گی کہ وہ متفقہ طور پہ اسمبلی سے پاس ہو، جو نظام عدل کا ایکٹ ہے، جو ہمارے ملاکنڈ ڈویژن میں نافذ ہے۔ جناب سپیکر! ایک سال سے ڈیڑھ سال سے ان کے جو معاون قاضی ہیں، ان کے انٹرویوز ہو چکے ہیں، اس میں جو سیاسی مداخلت ہو رہی تھی، میں اس کی بھی تھوڑی سی نشاندہی کرنا چاہتا ہوں، کل کا دن ہے، میرے خیال سے جو انٹرویوز ہو گئے ہیں معاون قاضیوں کے، ان کے آرڈرز ایشو ہونے چاہیئں کل، اور دوسرا ٹیکسز کا جو نفاذ ہے، اس کو کسی بھی حوالے سے ملاکنڈ کے عوام تسلیم نہیں کریں گے، اس سے پہلے بھی کسٹم ایکٹ کا جو نفاذ ہوا تھا، جس پر ملاکنڈ ڈویژن کے لوگوں نے ایک تاریخی احتجاج کیا تھا، شٹر ڈاون، پہیہ جام اور ایک لانگ مارچ کیلئے وہ تیار تھے لیکن پھر مرکزی حکومت نے وہ فیصلہ واپس لے لیا تھا، تو میں یہ یقینی نشاندہی کرنا چاہوں گا، اگر ٹیکسز کا نفاذ بحال کیا گیا۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب محمد رشاد خان: تو پھر وہ احتجاج شروع ہو گا۔۔۔۔

جناب شکیل احمد (مشیر برائے بہبود آبادی): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، شکیل خان! اس کے بعد، سلیم خان! اس کے بعد آپ کریں گے۔ شکیل خان! سب کو موقع دے دیں گے، دو دو منٹ جی۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! ترقیاتی پیکج لازمی ملاکنڈ ڈویژن کو ملنا چاہیئے، ملاکنڈ ڈویژن ہمیشہ قدرتی آفات کا شکار رہا ہے، زلزلہ، سیلاب، ملٹری آپریشنز ہو چکے ہیں، طالبانائزیشن مطلب ہے کہ وہ رہا ہے، اس کے ساتھ ساتھ یہاں پر جو۔۔۔۔

جناب سپیکر: مختصر کریں پلیز، مختصر پلیز۔

جناب محمد رشاد خان: یہاں پر میں اپنی وائنڈاپ کی طرف آرہاہوں، نگران وزیر اعلیٰ کے بارے میں جو بات کی گئی جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکیل صاحب!

مشیر برائے بہبود آبادی: مهربانی سپیکر صاحب! چې ما له مو ټائم راکړو، سپیکر صاحب! نن ډیره زیاته Important ورځ ده، یو داسې تاریخی فیصله ده، پکار ده چې هغه په 1947 کښې شوی وې، کله چې فرنګی سامراج د پښتنو وجود تقسیم کړو، پښتانه ئې په ټوټو کښې تقسیم کړل، چا ته ئې د فاټا نوم ورکړو، چا ته ئې د NWFP نوم ورکړو، څوک ئې د بلوچستان سره شریک کړل او بیا د فاټا قبائلو چې کوم د ظلم، جبر، استحصال په نظام کښې هغوی ژوند کړے دے، د FCR تور قانون لاندې چې هغوی ژوند کړے دے چې هغوی ته د اپیل حق نه وو، هغوی ته د وکیل حق نه وو، د هغوی کوم بنیادی حقوق دی، د هغې نه هم محرومه شوی وو، نو زه ټول پارلیمنټ ته او ټولو سیاسی پارټو ته په دغه یو تاریخی Thirty-first Constitution amendment منظوریدو باندې مبارکباد ورکوم، هغه قبائلو ته مبارکبا د ورکوم چې هغوی د جبر د دې نظام نه آزاد شو۔ جناب سپیکر! دا کوم Thirty-first Constitution amendment چې شوے دے، په هغې کښې د فاټا په حواله باندې ستاسو لږه توجه به غواړم جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی،جی۔

مشیر برائے بہبود آبادی: زمونږ چې کوم Merger شوے دے، هغه سپورټ کوؤ، هغه Appreciate کوؤ، د هغوی شکریه ادا کوؤ او هغوی ته مبارکباد ورکوؤ خو دغه امنډمنټ کښې ملاکنډ دویژن چې هلته ریاست سوات، هلته ریاست دیر، هلته ریاست چترال او ملاکنډ ایجنسی چونکه د PATA حصه وه، کله چې د ریاست پاکستان سره د هغې Merger کیدو، د هغې حصه جوړیده، په هغه وخت کښې څه امنډمنټس شوی وو، څه معاهدې شوی وې، څه Incentives هغوی ته ملاؤ شوی وو، څه مراعات ملاؤ شوی وو، Tax exemption هغوی ته ملاؤ شوے وو، د ملاکنډ پسماندګی اوس هم په هغه حالت باندې ده، بې روزګاری زیاته ده، Poverty زیاته ده، زیات خلق Poverty line نه لاندې ژوند تیروی،

پکار ده چې زمونږه نه هغه مراعات وانغستې شی او په هغې کښې اضافه اوشی او بیا د مذهب په نوم چې طالبانو کومه دهشتګردی کړې ده، فوجی آپریشن چې شوے دے، قدرتی آفات شوی دی، د هغه ځائې ټورازم، د هغه ځائې اکانومی، د هغه ځائې بزنس تباه شوے دے، نو زما ریکویسټ به دا وی، د پراونشنل ګورنمنټ نه هم او د فیډرل ګورنمنټ نه هم چې د PATA، د ملاکنډ ډویژن مراعات د ختمیدو په ځائې په هغې کښې د اضافه اوکړی او کم از کم څنګه چې ډاکټر صاحب خبره اوکړه، عنایت خان خبره اوکړه، تر لسو کالو پورې مونږ ته په هغې کښې Relaxation راکړی، په هغې کښې د Incentives راکړی او آخری خبره زه کوم د ملاکنډ لیویز په حواله باندې، چونکه اوس دا Merger چې اوشو، نوے امنډمنټ چې اوشو، په پچیس ضلعو کښې، په چوبیس ضلعو کښې پولیس تعینات دی، په ملاکنډ ډسټرکټ کښې لیویز دی چې هغه د SAFRON لاندې دی خو هغه Regular policing کوی او په 1860 لیویز کسانو کښې د تیره سو نه زیات چې دی نو هغه Educated دی، Qualified دی، ایم اے دی، ایم ایس سی دی، ایم فل دی، د هغوی مراعات کم دی، د هغوی راشن نشته، د هغوی تنخواګانې نشته نو زما به د صوبائی حکومت نه هم دا مطالبه وی، زما به د مرکزی حکومت نه هم دا مطالبه وی چې یا خو د مرکز د ملاکنډ لیویز له د اسلام آباد پولیس برابر مراعات ورکړی او یا د صوبائی حکومت د صوبې د پولیس برابر ملاکنډ لیویز ته مراعات ورکړی چې د هغوی په هغه محرومو کښې او د هغوی په هغه مشکلاتو کښې کمے راشی۔

جناب سپیکر: جناب مختصر کریں کیونکہ ٹائم شارٹ ہے۔ میں سلیم چترالی صاحب! آپ دومنٹ میں بات کر لیں، آپ دومنٹ میں۔ جی جی، وہ ٹائم ابھی ختم ہے۔

جناب سلیم خان: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی وہ پہلے کرلیں، جی جی۔

جناب سلیم خان: آج کا دن یقیناً ایک تاریخی دن ہے، چونکہ فاٹا کے حوالے سے جو بل قومی اسمبلی اور سینیٹ سے پاس ہو کے اس اسمبلی کے فلور پہ آج ڈسکشن کیلئے ٹیبل ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور آپ سب کو دو دو منٹ دے رہا ہوں۔

جناب سلیم خان: جناب سپیکر! یہ ایک بہت بڑاکارنامہ ہے فاٹاکے لوگوں کے ساتھ، فاٹاکے لوگوں کواس بل کے تحت جو قانونی حیثیت مل رہی ہے، یقیناً ایک بہت تاریخی دن ہے۔ جناب سپیکر! یقیناً فاٹاکے لوگوں میں جو محرومی تھی، وہ آج کے بعد ان شاءاللہ ختم ہو گی اور فاٹا کو صوبے میں ضم کرنے کے حوالے سے ہمارے قائد شہید ذوالفقار علی بھٹو کی بہت پہلے سے ان کی یہ خواہش تھی اور ہماری پارٹی کا بہت اچھاRole رہاہے اس بل کو پاس کرانے میں، میں یقیناً تمام پارٹیز کو اور خصوصاً صوبائی اور مرکزی حکومت کو اور تمام پارٹیوں نے جو اس بل میں اپنااپناحصہ ڈالا، سب کو خراج تحسین پیش کرتاہوں اور فاٹاکے حوالے سے جو بل اس اسمبلی میں ٹیبل ہوا ہے، بالکل اس کو ہم سپورٹ کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! صرف ایک اعتراض جو ہمارا ہے، وہ ملاکنڈ ڈویژن کا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ چار لوگ ہیں، سلیم چترالی صاحب! آپ بات کر لیں جی۔

جناب سلیم خان: فاٹاکے حوالے سے اس میں وہOmission of Article 247 جو ہے، اس کے اوپر ہمارااعتراض ہے، چونکہ جناب سپیکر! ملاکنڈ ڈویژن کے عوام کے ساتھ اس آرٹیکل کے خاتمے کے حوالے سے کوئی مشاورت نہیں ہوئی ہے، ان کے ساتھ کوئی مشورہ نہیں کیا گیا، نہ ہمارے ایم این ایز کے ساتھ ہوا ہے، نہ ہمارے ایم پی ایز کے ساتھ ہوا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں یہ چار پانچ لوگ ہیں، یہی باتیں بار بار ہو رہی ہیں، ابھی دیکھ لیں کہ اس میں اس پراسیس کو آگے بڑھانا ہو گا، چترالی صاحب! جعفر شاہ صاحب کی بات کے بعد، محمد علی اور فضل حکیم، جی، دومنٹ پلیز۔

جناب قربان علی خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، دومنٹ پلیز۔

جناب قربان علی خان: جناب سپیکر! مجھے بھی موقع دیں، میں دو تین باتیں کرناچاہتاہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، آپ کو بھی ٹائم دے دیں گے، اوکے، دے دیں گے، اس پہ موقع دیں گے ان شاءاللہ اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے۔

Mr. Jafar Shah: Janab Speaker Sahib! House is not in order-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! میری ایک ریزولیوشن ہے۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آپ پلیز، جلدی ختم کرلیں، دیکھیں جی، آپ کی نمائندگی ہوگئی ہے، سب نے باتیں کی ہیں، یہ سارے ایک ساتھ بات نہیں کرسکتے، پارلیمانی لیڈرز نے بھی بات کی ہے، اگر سارے بات کریں گے تو پھر آج ختم نہیں ہوسکے گا، تو ابھی جعفر شاہ صاحب! دو منٹ میں بات کرلیں جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ جناب سپیکر! میں دو منٹ میں ختم کرنا چاہتا ہوں، سب سے پہلے House is not in order.

Mr. Speaker: Order, please.

Mr. Jafar Shah: Janab Speaker Sahib! House is not in order?

Mr. Speaker: Order please.

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ سب سے پہلے میں تمام پختونوں کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دو منٹ، دو دو منٹ دے دوں گا۔

